وہ اسی کا ایک لوتھڑا ہوتا ہے

طلق بن علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ ہم اللہ کے نبی ﷺ کے پاس آئے تو اسی درمیان ایک شخص آیا، جو حلیہ سے بدوی لگ رہا تھا اس نے سوال کیا کہ اے اللہ کے نبی! آدمی اگر وضو کرنے کے بعد اپنے آلہ تناسل کو چھو لے، تو اس کے بارے آپ کیا فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "وہ اسی کا ایک لوتھڑا ہوتا ہے یا کہا ٹکڑا ہوتا ہے"

[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے - اسے امام نسائی نے روایت کیا ہے - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے]

مفہوم حدیث: "مَا تَرَى فِي مَسِّ الرَّجُلِ ذَكَرَهُ بَعْدَ مَا يَتَوَضَّأُ" یعنی وضو کرنے کے بعد اگر آدمی اپنے آلہ تناسل کو چھو لے، تو اس سلسلے میں ازروئے شریعت اس شخص پر کیا واجب ہوتا ہے؟ مسند احمد کی ایک روایت میں ہے کہ آدمی نماز میں اپنے ذکر کو چھو لیتا ہے، کیا اس پر دوبارہ وضو کرنا واجب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "نہیں!اس کا آلہ تناسل اس کے جسم ہی کا ایک حصہ ہے" "هَلْ هُوَ إِلَّا مُضْغَةٌ مِنْهُ؟ أَوْ قَالَ: بَضْعَةٌ مِنْهُ" یعنی آلہ تناسل جسم کے تمام اعضا کی مانند ہے جب وضو کرنے والا اپنے ہاتھ، اپنے پاؤں، ناک یا سر کو چھوتا ہے، تو اس کا وضو نہیں ٹوٹتا، بالکل ایسے ہی اگر وہ اپنے آلہ تناسل کو چھولے، تو اس کا وضو نہیں ٹوٹے گا یہ حدیث یا تو منسوخ ہے یا پھر اس صورت پر محمول ہے، جب آلہ تناسل کو کسی پردے کے پیچھے سے چھوا جائے براہ راست آلہ تناسل کو چھونے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؛ کیونکہ دوسری احادیث سے یہی ثابت ہوتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8396